پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

08 نومبر، 2019

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A جس میں سیکشن 56 کو شامل کرکے پڑھا جائے، کہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے تحت سیکر شہری کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، سیکر، راجستھان، مجازیت میں توسیع

سیکر شہری کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، سیکر، راجستھان کو آر بی آئی نے اپنے مورخہ 26 اکتوبر 2018 کے ڈائریکٹو کے ذریعہ 9 نومبر، 2018 کو کام کے اوقات کے اختتام سے 6 ماہ کیلئے ہدایات (پابندی) کے تحت نظر ثانی کی شرط کے ساتھ رکھا تھا، اس ہدایات کی ویلیڈٹی (مجازیت) کو جو 9 مئی، 2019 تک تھی پھر اس کی ویلیڈی کو پچھلی مرتبہ 2 مئی، 2019 کی ڈائریکٹو کے ذریعہ نظر ثانی کی شرط کے ساتھ 6 ماہ کی توسیع دیتے ہوئے 9 نومبر 2019 تک کر دیا گیا تھا۔

مفاد عامہ کے پیش نظر ریزرو بینک آف انڈیا نے بینک ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 56 بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 جس میں سیکشن 35A کو شامل کرکے پڑھا جائے کہ ضمنی سیکشن (I) کے تحت حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرکے ایک ڈائریکٹیو مورخہ 26 اکتوبر، 2018 کو جاری کیا، جس کی مجازیت میں توسیع 09 نومبر، 2019 تک کی جو کہ بینک کے ذریعہ گزارش کرنے پر مزید چھ ماہ 10 نومبر، 2019 سے 09 مئی، 2020 تک جاری رہے گی اور اس سلسلہ میں ڈائریکٹیو 03 اکتوبر، 2019 کو جاری کی گئی ہے۔

حوالہ کے تحت ڈائریکٹو کی سبھی شرائط اور ضوابط میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے۔ مذکورہ ڈائریکٹیو کی ایک کاپی مورخہ 30 اکتوبر، 2019 کو توسیع کی عوام کو اطلاع کیلئے بینک احاطہ میں ڈسپلے کی گئی۔ آر بی آئی کے ذریعہ جاری کردہ ہدایات کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آر بی آئی نے بینکنگ لائسنس ہی منسوخ کر دیا ہے۔

بینک جب تک اس کی مالی حالت میں بہتری نہیں آجاتی پابندی کے ساتھ بینکنگ کاروبار جاری رکھے گا۔ ریزرو بینک ان ہدایات میں حالات کے پیش نظر ترمیم کرتا رہے گا۔

(یوگیش دیال)
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز 2019-2020/1146